سوال

(201) جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رخ لٹانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رخ کرنا کسی حدیث سے ثابت ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رخ کرنا درست و صحیح ہے۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذبیحہ والے دن دو سینگوں والے چتکبرے خصی مینڈھے ذبح کئے جب انہیں قبلہ رخ کیا تو آپ نے یہ دعا پڑھی۔

"إني وجهت وجهي للذي فطر السموات والأرض، على ملة إبراهيم حنيفاً، وما أنا من المشركين، إن صلاتي ونسكي ومحياي ومماتي للہ رب العالمين لا شريك له، وبذلک أُمِرتُ، وأنا من المسلمين، اللهم منک ولک عن محمد وأمته، بسم اللہ واللہ أكبر"

پھر آپ نے انہیں ذبح کر دیا۔ (سنن ابی داؤد کتاب الضحایا 2795۔ ابن ماجہ کتاب الاضاحی 3121۔ ابن خزیمہ 2899۔ مسند احمد 3/370)

اس حسن حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رخ کر لیا جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الاضحیۃ، صفحہ: 257

محدث فتویٰ